# D.El.Ed

# Question Paper
















ಇಲ್ಲಿಂದ ಕತ್ತರಿಸಿ

Code No. : **308-U**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು, 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESHWARAM, BENGALURU, 560 003**

## ಪ್ರಥಮ ವರ್ಷದ ಡಿ.ಎಲ್.ಇಡಿ. ಮುಖ್ಯ ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜುಲೈ, 2022

## First Year D.El.Ed. Main Examination, July, 2022

| Subject / ವಿಷಯ | | **Facilitating Learning ( LPS )**<br>**First Language – URDU**<br>**ಕಲಿಕೆಯನ್ನು ಅನುಕೂಲಿಸುವುದು (ಕಿ.ಪ್ರಾ.ಶಾ.)**<br>**ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು** |
|---|---|---|
| Date of Exam. / ಪರೀಕ್ಷೆಯ ದಿನಾಂಕ | : | 06. 07. 2022 |
| Maximum Marks / ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು | : | 60 |
| Duration of Exam. / ಪರೀಕ್ಷೆ ಅವಧಿ | : | 3 hours / 3 ಗಂಟೆಗಳು |
| Time / ಸಮಯ | : | 10.00 A.M. to 1.00 P.M. |

***ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳಿಗೆ ಸಾಮಾನ್ಯ ಸೂಚನೆಗಳು / General Instructions to the Candidates :***

1. ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳು ತನ್ನ ನೋಂದಣಿ ಸಂಖ್ಯೆಯನ್ನು ಪ್ರವೇಶ ಪತ್ರದಲ್ಲಿ ಮುದ್ರಿಸಿರುವಂತೆಯೇ ಉತ್ತರ-ಪುಸ್ತಿಕೆಯಲ್ಲಿ ನೀಡಿರುವ ನಿಗದಿತ ಸ್ಥಳದಲ್ಲಿ ಸ್ಪಷ್ಟವಾಗಿ ಬರೆಯಿರಿ.
   Candidates should write their Register Number on the Answer Booklet as printed in their admission ticket.
2. ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳು ಹೆಚ್ಚುವರಿ ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಗಳನ್ನು ಪಡೆದಲ್ಲಿ, ಉತ್ತರ ಹಾಳೆಗಳ ಮುಖಪುಟದ ಮೇಲಿನ ನಿಗದಿತ ಸ್ಥಳದಲ್ಲಿ ಮುಖ್ಯ ಉತ್ತರ-ಪುಸ್ತಿಕೆಯ ಕ್ರಮ ಸಂಖ್ಯೆಯನ್ನು ಬರೆಯತಕ್ಕದ್ದು.
   Candidates should write their Main Answer Booklet Number on the additional answer sheets in the space provided.
3. ಈ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಹಿಮ್ಮುಖ ಜಾಕೆಟ್ ಮೂಲಕ ಮೊಹರು (ಸೀಲ್) ಮಾಡಲಾಗಿದೆ. ಪರೀಕ್ಷೆ ಪ್ರಾರಂಭವಾಗುವ ಸಮಯಕ್ಕೆ ನಿಮ್ಮ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯ ಬಲಬದಿ ಪಾರ್ಶ್ವವನ್ನು ಕತ್ತರಿಸಿ, ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಎಲ್ಲಾ ಪುಟಗಳು ಇವೆಯೇ ಎಂದು ಪರೀಕ್ಷಿಸಿಕೊಳ್ಳಿ.
   This Question Paper has been sealed by reverse jacket. You have to cut on the left side to open the Question Paper at the time of commencement of the examination. Check whether all the pages of the Question Paper are intact.
4. ಅಭ್ಯರ್ಥಿಗಳು ನಿಗದಿಪಡಿಸಿದ ಸ್ಥಳವನ್ನು ಹೊರತುಪಡಿಸಿ ಇನ್ನಿತರೇ ಯಾವುದೇ ಪುಟಗಳಲ್ಲಿ ನೋಂದಣಿ ಸಂಖ್ಯೆ, ಗುರುತು ಹಾಗೂ ಚಿಹ್ನೆ ಇನ್ನಿತರೆ ಯಾವುದೇ ಮಾಹಿತಿಗಳನ್ನು ಬರೆಯಬಾರದು. ಒಂದು ವೇಳೆ, ಈ ಬಗೆಯ ಯಾವುದೇ ಮಾಹಿತಿಗಳನ್ನು ಉತ್ತರ-ಪುಸ್ತಿಕೆಯಲ್ಲಿ ಬರೆದ ಪಕ್ಷದಲ್ಲಿ ಅಂತಹ ಉತ್ತರ-ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ಮೌಲ್ಯಮಾಪನಕ್ಕೆ ಪರಿಗಣಿಸಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ.
   Candidates should not write Register Number, mark, sign or any other information in the Answer Booklet except in the specified place. In case, it is found any information in the sheets of the answer scripts such answer scripts will not be considered for evaluation.
5. ಪರೀಕ್ಷಾ ಸಮಯದಲ್ಲಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿಯು ಪರೀಕ್ಷಾ ಅವ್ಯವಹಾರದಲ್ಲಿ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡಿರುವುದು ಕಂಡುಬಂದಲ್ಲಿ ಹಾಗೂ ಪರೀಕ್ಷಾ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ಉಲ್ಲಂಘಿಸಿದ್ದಲ್ಲಿ ಅಂತಹ ಅಭ್ಯರ್ಥಿಯ ವಿರುದ್ಧ ಪರೀಕ್ಷಾ ನಿಯಮಾನುಸಾರ ಶಿಸ್ತು ಕ್ರಮಕ್ಕೆ ಗುರಿಪಡಿಸಲಾಗುವುದು ಮತ್ತು ಅಂತಹ ಅಭ್ಯರ್ಥಿಯ ಉತ್ತರ-ಪುಸ್ತಿಕೆಯನ್ನು ಮೌಲ್ಯಮಾಪನಕ್ಕೆ ಪರಿಗಣಿಸಲಾಗುವುದಿಲ್ಲ.
   Candidate found to be indulging in malpractice during examination and violating examination instructions, action will be taken against such candidate as per the examination rules and his / her Answer Booklet will not be considered for evaluation.
6. ಉತ್ತರ ಬರೆಯಲು ಕಪ್ಪು / ನೀಲಿ ಶಾಯಿಯ ಬಾಲ್ ಪಾಯಿಂಟ್ ಪೆನ್ ಮಾತ್ರ ಉಪಯೋಗಿಸತಕ್ಕದ್ದು.
   Use black / blue ball point pen only to write the answers.

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ತೆರೆಯಲು ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ

Tear here



institutes.aglasem.com
aglasem.com

## PART - A

درج ذیل حصہ میں کل 10 سوالات دئے گئے ہیں۔ ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں۔ مناسب ترین جواب چُن کر لکھیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔ **1 × 10 = 10**

1. کثیر السانی یا ذولسانی ماحول میں..... کی زبان کی بڑی اہمیت ہے۔

(A) اشارات (B) آوازوں

(C) علامتوں (D) گفتگو

2. ..... وسائل کی مدد سے بچوں میں زبان دانی کے جذبہ کو نکھارا جاسکتا ہے۔

(A) مادی (B) مقامی

(C) انسانی (D) قومی

3. کسی زبان کی ذیلی شاخ کو

(A) علاقائی (B) بولی

(C) تکلّمی (D) اشاراتی

4. بچوں کو سُننا اچھا لگتا ہے

(A) قوالی (B) سبق

(C) کہانی (D) غزل



institutes.aglasem.com
aglasem.com

5. مطبوعہ، چھپائی، تصویر وغیرہ کی غیر مخفی (Decode) کرتے ہوئے پیغام کو سمجھنے کے طریقے کو

(A) خواندگی

(B) ناخواندگی

(C) تحریری

(D) تقریری

6. ''بچوں کو آموزش میں سماجی ماحول اہم رول ادا کرتا ہے۔'' یہ بیان پیش کرنے والے

(A) بُرونر

(B) یونیسکو

(C) ماریہ مانٹیسری

(D) وائی گوٹسکی

7. کھیلو سیکھو..... کے اسکولوں میں رائج ایک آموزشی طریقہ کار تدریس ہے۔

(A) کرناٹک

(B) تمل ناڈو

(C) آندھراپردیش

(D) کیرلا



institutes.aglasem.com
aglasem.com

8. بچوں کی قدر پیمائی ان کے اکتساب کو

(A) مشکل

(B) آسان

(C) سہل

(D) واضح

9. بولے ہوئے الفاظ اور جملوں کو سُن کر حافظہ کی مدد سے لکھنے کو

(A) نقل نویسی

(B) اِملانویسی

(C) خط نویسی

(D) مضمون نویسی

10. جملہ خیالات کا..... ہے۔

(A) فطری

(B) لفظی

(C) کلماتی

(D) اکائی



institutes.aglasem.com

aglasem.com

## PART - B

**درج ذیل آٹھ سوالات میں سے کوئی پانچ ( 5 ) کے جوابات لکھیں :** **2 × 5 = 10**

11. زبان کیسے وجود میں آئی؟ اظہارِ خیال کیجئے۔

12. مادری زبان کا معنی اور ایک تعریف لکھئے۔

13. زبان میں تعلیمی مقاصد اور عام مقاصد کی اہمیت پر تبصرہ کیجئے۔

14. بلندی خوانی سے کیا مراد ہے؟ بلند خوانی کی اہمیت لکھئے۔

15. ''کہانی گوئی ایک فن ہے۔'' اس پر روشنی ڈالئے۔

16. خواندگی کا مطلب کیا ہے؟

17. آپ پڑھنے اور لکھنے کی تشخیص کس طرح سے کریں گے؟

18. شمولیت سے کیا مراد ہے؟

## PART - C

**مندرجہ ذیل آٹھ ( 8 ) متبادل سوالات میں سے ہر ایک کے ( a ) یا ( b ) میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے جواب لکھیں جو دو صفحوں سے زیادہ نہ ہو :** **5 × 8 = 40**

19. a) مادری زبان کی اہمیت اور مقاصد کی وضاحت کیجئے۔

**یا**

b) اردو زبان کے نصاب کی تدوین کے طریقے کونسے ہیں؟ کوئی دو طریقے کی وضاحت کیجئے۔



institutes.aglasem.com
aglasem.com

20. a) سماعت سے کیا مراد ہے؟ سننے اور سماعت کے مابین فرق بتلائے۔

یا

b) ابتدائی مرحلہ میں سماعت و گویائی میں درپیش مسائل اور اُسکے اصلاحی تدابیر کیجئے۔

21. a) کہانی گوئی میں آنے والے ضروری تیاری کے اُصول کونسے ہیں؟ اُسکے فوائد پر تبصرہ کیجئے۔

یا

b) کھیل اور آموزش کے آپسی تعلقات کا تجزیہ کرتے ہوئے ان چار امکانات پر غور ڈالئے۔ (تفصیل سے لکھئے)

22. a) مطالعے کے تدریسی طریقے کونسے ہیں؟ کوئی دو طریقے کی وضاحت کیجئے۔

یا

b) تحریر کا مطلب کیا ہے؟ زبان و ادب میں تحریر کی اہمیت کو وضاحت کیجئے۔

23. a) عمدہ خواندگی کے اوصاف کو تفصیل سے لکھئے۔

یا

b) زباندانی میں کھیلو سیکھو کے اکتسابی مرحلوں کی وضاحت کیجئے۔

24. a) زباندانی میں نقل نویسی اور اِملا نویسی کی اہمیت کو تفصیل سے لکھئے۔

یا

b) بنیادی خواندگی کے معنی اور اہمیت تفصیل سے لکھئے۔



institutes.aglasem.com
aglasem.com

25. a) شمولیت کے معنی اور اُسکے اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

b) شمولیتی رہنمائی کے لئے والدین کے ساتھ کی جانے والی بحث کو فائدہ مند ثابت کیسے بنایا جاسکتا ہے؟ ذکر کیجئے۔

26. a) شمولیت کی تدریس میں پائی جانے والی دشواریاں اور ان کی آموزشی راہ پر تبصرہ کیجئے۔

یا

b) زبان کی تدریس کے لئے 5E پر مشتعمل اشارات سبق تیار کریں جو آپ نے Internship کے دوران تیار کیا ہے۔



institutes.aglasem.com
aglasem.com

DO NOT WRITE ANYTHING HERE



institutes.aglasem.com

aglasem.com

# Answer Key

institutes.aglasem.com

aglasem.com

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **308-U**

**Code No. : 308-U**

ಡಿ.ಎಲ್.ಎಡ್. ಪ್ರಥಮ ವರ್ಷ

# D.El.Ed. FIRST YEAR

## ಕಲಿಕೆಯನ್ನು ಅನುಕೂಲಿಸುವುದು (ಕಿ.ಪ್ರಾ.ಶಾ.)
## ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

## FACILITATING LEARNING ( LPS )
## FIRST LANGUAGE — URDU

ದಿನಾಂಕ : 06. 07. 2022 ] [ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 60

Date : 06. 07. 2022 ] [ Max. Marks : 60

**PART - A**

**1 × 10 = 10** مندرجہ ذیل کے دس انتخاب کئے جانے والے جوابات :

1. (A) اشارات
2. (B) مقامی
3. (B) بولی
4. (C) کہانی
5. (A) خواندگی
6. (D) وائی گوٹسگی
7. (A) کرناٹک
8. (C) سہل
9. (B) اِملانویسی
10. (D) اکائی



institutes.aglasem.com

aglasem.com

**PART - B**

**درج ذیل آٹھ سوالات میں سے کوئی پانچ ( 5 ) مناسب جوابات لکھئے ہیں : 2 × 5 = 10**

11. زبان کیسے وجود میں آئی اس کا صحیح سراغ لگانا مشکل ہے۔ لیکن یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ابتدائی انسان نے اپنی معاشی اور سماجی ضروریات اور جذباتی کیفیت کے اظہار کے لئے مختلف آوازیں نکالی ہوں گی یا جسمانی اشاروں سے اپنے مقصد کا اظہار کیا ہوگا۔ 2

12. **مادری زبان کے معنی :**

مادری زبان وہ ہے۔ جس سے انسان جذباتی طور پر منسلک ہوتا ہے۔ مادری زبان اُس زبان کو کہتے ہیں جو بچے کے گھر، خاندان اور ماحول میں بولی جاتی ہے۔

**تعارف :** Albert Showelizer لکھتے ہے ''جو شخص روزانہ استعمال کی چیزوں کے نام جس زبان میں لیتا ہے حتّی کہ وہ جس زبان میں خواب دیکھتا ہے وہی اُسکی مادری زبان ہے۔''

13. **تعلیمی مقاصد :** تعلیمی مقاصد سے مراد وہ تبدیلیاں ہیں جو ہم ایک مخصوص نصاب اور متعین طریقۂ تدریس کے ذریعہ فرد میں لانا چاہتے ہیں۔

**عام مقاصد :** اردو کی تدریس کے عام مقاصد سے پیش تر یہ وہ مقاصد ہیں جنہیں تعلیم کی تمام منزلوں پر کسی حد تک سامنے رکھنا چاہئے۔ 1 + 1 = 2

14. باآواز پڑھنے کو بلند خوانی یا باآواز بلند مطالعہ کہا جاتا ہے۔

خصوصیات/اہمیت

(a) حروف، لفظ، جملے اور پیرا گراف ان سب کو بلند آواز سے پڑھنے کی مشق۔

(b) آواز کے مناسب زیر وزبر کے ساتھ معنی خیز انداز سے پڑھنے کی مشق کراتے ہوئے زبان دانی اظہار کے متعلق ہو۔ 1 + 1 = 2

15. کہانی گوئی ایک فن ہے۔ کوئی بھی کہانی اس کے بولنے والے کی وجہ سے پر اثر لگتی ہے۔ مناسب الفاظ کا استعمال، آوازوں میں زیر و بم، مکالموں کو منظم کرنا۔ کہانی کی تفریح خصوصیات کو بڑھاتی ہے۔ 2

16. مطبوعہ، چھپائی، تصویر وغیرہ کو غیر مخفی (Decode) کرتے ہیں۔ اس میں دئے گئے پیغام کو غیر منفی کرکے ہمارے تجربے اور سوچ سے مطابقت پیدا کرکے ہمارے تجربے اور سوچ سمجھنا ہی خواندگی کا اہم مقصد ہے۔ 2



institutes.aglasem.com
aglasem.com

17. پڑھنے اور لکھنے کی قدر پیمائی ساتھ ساتھ ہوں تو بہتر ہوگا۔ایک ہی محاسباتی سر گرمی میں ان دو صلاحیتوں کو شامل کر لیں اس طرح ہمارا وقت اور محنت بھی بچ جائیں گے اور ساتھ ہی ساتھ محاسبہ کا سلسلہ جامع ہوگا۔ بچوں کو اکتسابی تجربہ حاصل ہوگا۔ 2

18. جماعت کا ہر بچہ اپنی قابلیت کے موافق سیکھنے، پڑھنے، ترقی کا مظاہرہ کرنے کے لئے معاون تعلیمی روایات، تفکرات کو شمولیت کہا جاتا ہے۔ سبھی بچوں کو شریک ہونے کا موقع فراہم کرنے والی جماعتی روایات کو شمولیتی روایات کہا جاتا ہے۔ 2

## PART - C

**درج ذیل میں آٹھ ( 8 ) متبادل سوالات میں سے ہر ایک کے ( a ) یا ( b ) میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے جواب لکھنے ہیں جو دو صفحوں سے زیادہ نہ ہو : 5 × 8 = 40**

19. a) **مادری زبان کی اہمیت :**

i) زبان انسانی جذبات اور احساسات کے اظہار کا ذریعہ ہے۔

ii) یہ سماجی رابطہ کا وسیلہ ہے۔

iii) مادری زبان کی بنیادی اہمیت ہوتی ہے۔

iv) زبان ایک فطری عادت ہے۔

v) زبان عام بول چال کے علاوہ اختراعی ادب کا ذریعہ ہے۔

vi) زندہ زبان عام بول چال کے علاوہ اختراعی ادب کا ذریعہ ہوتی ہے۔

vii) سماجی اختلاط سے زبان میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔

viii) زبان ثقافت اور تہذیب ورثہ کی نمائندہ اور امین ہوتی ہے۔

**مادری زبان کے مقاصد:**

مادری زبان کے دو مقاصد ہیں :

i) تعلیمی مقاصد

ii) عام مقاصد

[ کوئی چھ مقاصد تفصیل سے لکھنے پر تین مارکس دیں۔ دو مقاصد کو تفصیل سے لکھنے پر دو مارکس دیں]

3 + 2 = 5

**یا**



institutes.aglasem.com
aglasem.com

b) **اردو زبان کی تدوین کے تین طریقے ہیں :**

i) ابتدائی منزل کے لئے

ii) درمیانی منزل کے لئے

iii) ثانوی منزل کے لئے

i) **ابتدائی منزل:** اس منزل میں ماقبل تحتانوی اور تحتانوی جماعتیں شامل ہیں۔ 2 تا 4 سال کی عمر کے طلباء کی ماقبل تحتانوی منزل ہوتی ہے۔

ii) **درمیانی منزل :** (a) وطنی اور جنگِ آزادی سے متعلق معلومات (b) نئی ایجادات اور دریافتوں سے متعلق (c) ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کیا جائے۔(d) لسانی مہارتوں کی مشق کرائی جائے۔

iii) **ثانوی منزل :** (a) ابتدائی اور درمیانی منزل میں حاصل کردہ قابلیت کو آگے بڑھانا۔ (b) نصاب میں ایسے مضامین شامل ہوں جن سے طلباء میں غور و فکر قوتِ اظہار ہو۔ (c) حصولِ علم کا شوق پیدا ہو۔

[کوئی دو منزل کو تفصیل سے لکھنے پر 2 مارکس دیں] 2 + 3 = 5

20. a) عملِ سماعت بامقصد اور بامعنی تسلسل سے آراستہ ہوتا ہے جو مخصوص مقاصد کے لئے ہوتے ہیں۔ وہ سننے کے لئے نہیں ہوتے۔

سماعت میں سننے والوں کی مکمل شمولیت رہتی ہے۔ عملِ سماعت کی تکمیل اس کے اندر پائے جانے والے اجزاء کی مؤثر انداز میں ترتیب و تشکیل سے ہوتی ہے۔

i) توجہ سے سننا

ii) تلفظ پر توجہ

iii) جملوں کی ادائیگی پر توجہ

iv) اندازِ بیان اور طرزِ رسائی پر توجہ

[ان تمام نکات کو تفصیل سے لکھنے پر 5 مارکس دیں] 5

**یا**



institutes.aglasem.com
aglasem.com

b) **ابتدائی مرحلہ میں سماعت و گویائی میں درپیش مسائل:**

i) مناسب الفاظ کی کمی

ii) درمیانی میں گھریلو زبان کے الفاظ کا استعمال

iii) تلفظ میں فرق۔ متوازن آوازوں کے ساتھ اور مناسب اُتار چڑھاؤ کے ساتھ گفتگو کی کمی

iv) والدین اور اساتذہ کی توقعات سے بچوں پر پڑنے والا دباؤ

**اصلاحی تدابیر :**

i) معلمین اور والدین کے درمیان معنی خیز گفتگو ہو۔

ii) معلمین کو والدین کے ساتھ مسلسل تبادلۂ خیال کرنا۔ $2\frac{1}{2}+2\frac{1}{2}=5$

21. a) **کہانی گوئی کی تیاری کے اُصول:**

i) بچوں کی عمر کی مناسبت سے کہانی کا انتخاب کر لینا

ii) منتخب شدہ کہانی کو پڑھ کر اس کے امکانات کی نشاندہی کر لینا

iii) کہانی گوئی کے دوران اگر کوئی اشیاء کا استعمال کیا جاسکتا ہے تو ان کا انتظام کر لینا

iv) کہانی گوئی کی مشق کرنا

v) کہانی میں بچوں کے اقدار کی بہتری کے لئے ہونا چاہئے

vi) کہانی سے قبل اور بعد میں دی جانے والی ممکنہ سرگرمیوں کا خیال رکھنا

[کوئی پانچ تفصیل پر لکھنے پر $2\frac{1}{2}$ مارکس دیں]

**کہانی گوئی کے فوائد :**

i) بچہ سماعت کردہ باتوں، کہانیوں کو سمجھتا ہے

ii) بچہ جن باتوں کو سمجھتا ہے اپنی ہی زبان میں بولتا ہے

iii) جذبات کو حسبِ ضرورت ظاہر کرنے کے موقع حاصل ہوتے ہیں



institutes.aglasem.com
aglasem.com

iv) بچوں میں خود اعتمادی فروغ پاتی ہے

v) ایسا ماحول بنائیں جہاں بچہ کی کہانی کو دیگر سبھی سماعت کریں۔

[کوئی پانچ تفصیل پر لکھنے پر $2\frac{1}{2}$ مارکس دیں] $2\frac{1}{2}+2\frac{1}{2}=5$

یا

b) **کھیل اور آموزش کے آپسی تعلقات کا تجزیہ کے چار امکانات:**

i) کھیل برائے کھیل (بچکانہ پن)

ii) کھیل برائے آموزش

iii) کھیل کے ذریعہ آموزش

iv) آموزش برائے آموزش

[چار امکانات کو تفصیل سے لکھنے پر 5 مارکس دیں] 5

22. a) مطالعے کے تدریسی طریقے یہ ہیں :

i) حروفِ تہجی کا طریقہ

ii) گروہی طریقہ

iii) الفاظ کا طریقہ

iv) کلماتی طریقہ

v) دیکھو اور بولو کا طریقہ

[ کوئی چار نکات لکھنے پر 2 مارکس $4\times\frac{1}{2}=2$ اور کوئی دو تدریسی طریقے کے تفصیل یا وضاحت سے لکھنے پر 3 مارکس دیں $1\frac{1}{2}+1\frac{1}{2}=3$۔ 2 + 3 = 5

یا



institutes.aglasem.com

aglasem.com

b) **تحریر کا مطلب:**

تحریر سے مراد مخصوصی آوازوں کو لکھاوٹی شکل دینا ہے۔ مفرد حروف مرکب حروف اور جملوں کو تحریری شکل دینے کا نام لکھنا ہے۔ لیکن تحریر کا مطلب محض لکھنا نہیں ہے بلکہ بامعنی لکھنا ہے۔(ایک مارکس)

**معیاری تحریر میں زبان وادب کی اہمیت:**

i) زبان کے اظہار وابلاغ کا دوسرا مصروف ذریعہ تحریر ہے۔

ii) تحریر ایک ہنر ہے

iii) تحریر ایک ذہنی عمل ہے

iv) تحریر انسانی خیالات وجذبات کو زماں ومکاں کی قید سے آزاد کرتی ہے

v) تحریر محض واقعات ہی پیش نہیں کرتی بلکہ محرّر کے جذبات واحساسات کا اظہار بھی کرتی ہے

vi) تحریر کے ذریعے طلباء زبان کے صحیح استعمال کے قابل بن جائیں

vii) تحریر کے ذریعے طلباء زبان پر قدرت حاصل کرلیں۔

viii) تحریر کے ذریعے طلباء تخلیقی ادب میں دلچسپی لیں۔ [ $8 \times \frac{1}{2} = 4$ ] 1 + 4 = 5

23. a) **عمدہ خواندگی کے اوصاف:**

i) درستگی (Accuracy)

ii) رفتار (Speed)

iii) جامعیت (Comprehensive)

iv) اظہار (Expression)

v) سرعت مطالعہ (Rapid reading)

[ان تمام نکات کو تفصیل سے لکھنے 5 مارکس دیں] [1+1+1+1+1=5 ]

**یا**



institutes.aglasem.com
aglasem.com

(b) **کھیلو سیکھو طریقہ کے اکتسابی مرحلے:**

| | مرحلے | مرحلوں کی سرگرمیوں کا احاطہ | سرگرمیوں کا گروہ | سرگرمیوں کی تکمیل |
|---|---|---|---|---|
| (i) | تمہیدی مرحلہ | مقررہ موضوع کے اکتساب کے لئے طلباء کے ذہن کو مرکوز کرنا | اجتماعی گروہ | مکمل معلم کی رہنمائی |
| (ii) | قبل از اکتسابی مرحلہ | مقررہ اکتسابی نکات کے اکتسابی کے لئے طالب علم کو آمادہ کرنا | گروہ-1 | حسب ضرورت معلم کی رہنمائی |
| (iii) | اکتسابی سرگرمی کا مرحلہ | مقررہ اکتسابی نکات کو مؤثر طریقہ سے ذہن نشین کرائیں | گروہ-2 | مکمل معلم کی رہنمائی |
| (iv) | مشقی سرگرمی کا مرحلہ | سیکھے ہوئے اکتسابی نِکات کی مشق | گروہ-3 | مکمل ساتھی کی ضرورت |
| (v) | عملی مرحلہ | مشق کے اکتسابی نکات کو حسبِ ضرورت اطلاق دینا | گروہ-4 | ساتھی کی رہنمائی |

[پانچ مرحلے اور خاکہ ڈالنے پر 5 مارکس دیں] 5

24. (a) **نقل نویسی:** نظر کے سامنے موجودہ تحریر کو ہو بہو لکھنا نقل نویسی کہلاتی ہے۔ نقل نویسی کے ذریعے صحیح اور خوش خط لکھنے کی مشق ہوتی ہے۔ نقل نویسی کے لئے دلچسپ مواد کا انتخاب کیا جائے۔ ابتدائی جماعتوں کے بچوں کے لئے درسی کتاب سے ایک دلچسپ عبارت تختۂ سیاہ پر یا بڑے کاغذ پر جلی حروف میں لکھ کر نقل کروانا چاہئے۔ نقل نویسی دوسری تیسری اور چوتھی جماعت میں بالترتیب آٹھ، دس، چودہ، سترہ الفاظ فی منٹ مگر وصفی معیار کے ساتھ ہونی چاہئے۔ نقل کرنے میں رفتار، عمدہ گی اور خوشخط کا خیال رکھنا چاہئے۔

[ $2\frac{1}{2}$ مارکس دیں]



institutes.aglasem.com
aglasem.com

**اِملانویسی:**

i) اِملانویسی لکھنے کی رفتار کو تیز کرنے میں مدد کرنا

ii) الفاظ وجملوں کو سن کر حافظہ کی مدد سے لکھنا ہے

iii) اِملانویسی کا انحصار زیادہ تر مہارتِ سماعت پر ہے

iv) اِملانویسی میں سنی ہوئی آوازوں سے الفاظ کا تصور ذہن میں قائم ہوتا ہے

v) قوتِ حافظہ کی تربیت ہوتی ہے

[ان پانچ نکات لکھنے پر $2\frac{1}{2}$ مارکس دیں] $2\frac{1}{2}+2\frac{1}{2}=5$

**یا**

b) **بنیادی خواندگی کے معنی:**

بھارت کی مردم شماری کے مطابق کسی فرد کو خواندہ کہلانے کے لئے وہ کسی بھی زبان میں بامعنی طور پر پڑھنے اور لکھنے کے قابل ہو تو یہی کافی ہے۔ جو پڑھنے کے قابل ہوں اور لکھنے سے قاصر ہوں۔ (ایک مارکس)

**خواندگی کی اہمیت :**

i) سماجی روابط وتعلقات بڑھاتا ہے

ii) تحریری اشیاء کو پہچانتے ہوئے سمجھ کر تشریح کرنا اور ترسیل کرنا چاہئے

iii) خواندگی سماج میں تعلیم ایک خود تحفظی آلہ ہے

iv) خواندگی سے روزگار کے لئے بازار میں مقابلہ کر سکتے ہیں

v) مؤثر بنیادی خواندگی زندگی بھر کی تعلیم کے لئے بنیاد بن سکتی ہے

vi) حقِ تعلیم قانون کے تحت بہتر معیاری تعلیم سے خواندگی کو بڑھا سکتے ہیں

vii) بنیادی خواندگی جدید ٹکنالوجی سے فائدہ اُٹھانا چاہئے۔

[کوئی چار نکات کو تفصیل سے لکھنے پر 4 مارکس دیں] 1 + 4 = 5



institutes.aglasem.com
aglasem.com

25. a) **شمولیت کے معنی:**

جماعت میں شمولیت کا لفظ سنتے ہی آپ کے ذہن میں سینکڑوں سوال پیدا ہوتے ہیں۔ بصری معذور بچہ، جسمانی معذور بچہ، محدود رفتار سے سیکھنے والا بچہ، جب اس طرح مختلف قسم کے بچے ایک ہی جماعت میں سیکھ رہے ہوں تو انہیں شمولیت کہتے ہیں۔ (معنی کے لئے 1 مارکس دیں)

**شمولیت کی اہم خصوصیات :**

i) ہر بچہ کو بطور ایک فرد جان کر اُس بچے کو عزت بخشیں گے

ii) طلباء جماعتی روایات کا مرکز ہوتے ہیں

iii) ہر اکتسابی ماحول کو اس انداز سے ترتیب کریں

iv) طلباء جماعتی روایات کا مرکز ہوتے ہیں

v) ہر اکتسابی ماحول کو اس انداز سے ترتیب دیا گیا ہے

vi) بچوں کی آموزش متنوع قدر پیمائی کے طرز سے کیا جائے

[چار نکات تفصیل سے لکھنے پر 4 مارکس دیں) 1 + 4 = 5

**یا**

b) شمولیتی جماعتوں میں آموزش کو سہل بنا رہے اساتذہ کا دائرہ کار جماعت کی چہار دیواری کے باہر معاشرہ تک پہنچتا ہے۔ والدین اکثر اپنے بچوں کا موازنہ دیگر بچوں سے کرتے ہیں اور اسی موازنہ پر وہ تعلیم کے معیار کی شناخت کرتے ہوئے اُسی کو سچ مان لیتے ہیں۔ ہر بچہ خود کی قابلیت کے لحاظ سے سیکھنے، پڑھنے اور شخصیت کی تعمیر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

والدین کو اس بات کی یقین دہانی کروانی ہوگی کہ مدرسہ کا اہم کام ہر بچہ کو اس کی قابلیت کے لحاظ سے سیکھنے، بڑھنے، شخصیت کی تعمیر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ہماری ساری کوشش اسی پر منحصر ہیں۔

[جواب کو اور تفصیل سے لکھنے پر 5 مارکس دیں) 5



institutes.aglasem.com
aglasem.com

26. a) شمولیت کی تدریس میں پائی جانے والی دشواریاں مندرجہ ذیل ہیں:

i) سمعی عُذر

ii) تکلیمی عُذر

iii) بصری عُذر

iv) سست آموز طالب علم

[ان تمام نکات کو تفصیل سے لکھنے پر 5 مارکس دیں) 5

یا

b) 5E کے تحت ایک نثر یا نظم کا منصوبہ ٔسبق جو 5E مرحلوں پر مشتعمل ہو

i) مصروفیات (Engage)

ii) انکشاف (Explore)

iii) فہمائش (Explain)

iv) توسیع (Expand)

v) قدر پیمائی (Evaluation)

[طلباء ان پانچ مراحل پر عمل کرتے ہوئے منصوبہ ٔسبق تیار کئے ہیں۔ ان تمام مرحلوں کو نثر / نظم پر منصوبہ ٔسبق تیار کرنے پر پانچ مارکس دیں۔] 1+1+1+1+1=5



institutes.aglasem.com

aglasem.com